353/8

سلیم قادری

الخوارج کلاب اہل النار (ابن ماجہ)

السوط السردار علی ذوی الاشرار

دیوبندیت

اپنی تحریروں کے آئینہ میں

از قلم

مناظر اسلام مولانا صوفی سردار احمد نشان نقشبندی

خطیب جامع مسجد نورانی نورانی محلہ کامونکے (گوجرانوالہ)

ناشر

کتب خانہ نزد نورانی جامع مسجد کامونکے

مکتبہ محمد اخلاق چشتی کامونکے

ملاحظہ کریں کہ گستاخ کون ہے ؟ ۔ خواب جو کہ پل صراط کے متعلق ہے قارئین کرام عبارت ملاحظہ فرمائیں ۔

۱۔ رَاَیْتُہٗ اَنَّہٗ یَسْقُطُ فَاَمْسَکْتُہٗ وَ حَفِظْتُہٗ عَنِ السُّقُوْطِ

میں نے ایک رویا دیکھا کہ حضور علیہ السلام گر رہے ہیں (معاذ اللہ) اور میں نے آپ کو گرنے سے بچایا ۔

بلغۃ الحیران ص۸ صاعقۃ الرحمٰن ص۶۳

۲۔ نبی پاک کا کھانا خود پکا کر کھلانا دیوبندیوں کے مہمانوں کو ۔ تذکرۃ الرشید ص۲۶

نقل کردہ عبارت سے معلوم ہوا کہ دیوبندیوں خارجیوں کے نبی پل صراط پر گرنے والے ہیں اور ہمارے نبی علیہ السلام تو گرتوں کو تھامنے والے ہیں ۔ تمہارے اور ہمارے نبی میں فرق واضح ہے ۔

ترجمہ ۔ کوٹ مٹھن میں آ کر خیر الوریٰ

دیوبندی وہابی کا نقل کردہ شعر صفحہ ۱۵

کا چہرہ دیکھ لے کیونکہ فرید کی صورت میں شہنشاہ حجاز یہاں آئے ہیں

دیوان محمدی ص۱۵۱

جواب ۔ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ ہمارے لئے ہر صوفی کی بات جو خلاف شرع ہو قابل حجت نہیں لیکن دیوبندی وہابی خارجی کی تسلی کے لئے اس کا عقیدہ نقل کئے دیتا ہوں ۔

از اکابر ایں طریق قرمودہ کہ اگر حق جل و علا در غیر کسوت مرشد من تجلی فرماید ہر گز بسوئے مرا بالتفات در کار نیست ۔

صراط مستقیم فارسی ص۱۱ اردو ص۲۴

۔ اس طریق کے بزرگوں میں سے ایک کا مقولہ ہے ۔ کہ اللہ تعالیٰ پیر مرشد کی صورت کے سوا کسی اور لباس میں تجلی فرمائے تو میں البتہ اس کی طرف توجہ نہ کروں گا

نقل کردہ عبارت اور دیوبندی وہابی مولوی نے تو خدا تعالیٰ کا مرشد کی صورت میں آنا ثابت کر دیا ..... مولوی جی ! ادھر ایک فتویٰ صادر فرما دیں ۔ انصاف پسندی کا تقاضا تو یہی ہے ۔

ہے تو مومن کی قبر سے مدینہ پاک کی خوشبو آنا کوئی بعید نہیں جب کہ مومن کی قبر میں خود حضور علیہ السلام تشریف لاتے ہیں تو خوشبو کا آنا بڑی بات کیسے ہو گیا ؟ باقی سرکار کا کسی مومن کے جنازہ میں شریک ہونا تو یہ حضور کا کرم ہے ۔ آقا اگر مقتدی ہو تب بھی آقا ہے اگر امام ہو تو تب بھی آقا ہے ۔

بخاری شریف کی حدیث ہے کہ جنگ تبوک میں نبی علیہ السلام نے سیدنا عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کے پیچھے نماز پڑھی ، سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی ۔ کیا امتی کا نبی کے آگے امام بنا توہین ہے ؟ نہیں نہیں ! جس کو عقل و شعور ہو وہ دیوبندی وہابی ہوتا ہی نہیں ۔

حافظ الحدیث امام اجل سیدنا علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں

وَحُضُوْرُ جِنَازَةِ مَنْ مَاتَ مِنْ صَالِحِ اُمَّتِهٖ فَاِنَّ هٰذِهِ الْاُمُوْرَ مِنْ جُمْلَةِ اَشْغَالِهٖ فِي الْبَرْزَخِ كَمَا وَرَدَتْ بِذٰلِكَ الْاَحَادِيْثُ وَالْاٰثَارُ ۔

الحاوی للفتاوی ص۱۵۳ جلد ۲

نقل کردہ عبارت سے ثابت ہوا کہ حضور علیہ السلام کا مومنوں کے جنازہ میں شامل ہونا شغل ہے

دیوبندی وہابی کی نقل کردہ عبارت صفحہ ۱۵

خواب ۔ حضور علیہ السلام کی تشریف آوری پر مولانا نوازی اور دیگر علماء کرام استقبال اور قدم بوسی کے لئے بڑھتے نظر آتے ہیں اس دوران نوازی میاں کا عمامہ سر سے گر گیا تو حضور علیہ السلام نے اسے اٹھا کر دوبارہ ان کے سر پر رکھ دیا ۔

کتاب شاہ احمد نورانی ص۵۱

جواب ۔ ہمارے آقا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام گرتوں کو تھامنے والے ہیں ، آقا کسی امتی کے سر پر گرتی ہوئی چیز اٹھا کر رکھنا توہین نہیں بلکہ امتی کے لئے باعث فخر ہے ۔ اب دیوبندی وہابی مولوی کی توہین آمیز عبارت نقل کی جاتی ہے اور دونوں کا